آغا میر نصیر خان احمد زئی بلوچ

بلوچی لوذ راہبند

بلوچی گرامر

بلوچی اکیڈمی کوئٹہ

ملک محمد پناہ مرحوم، وائس چیئرمین بلوچی اکیڈمی کوئٹہ

گرامی قدر ملک محمد پناہ "مرحوم"
کا میں انتہائی ممنون ہوں، جنہوں
نے اس کتاب کو ترتیب دینے
میں جہاں میری رہنمائی کی وہاں
اس کتاب پر نظرِ ثانی بھی کی۔
آغا میر نصیر خان احمدزئی

بلوچی لوٗذ راہبنَد

بلوچی گرامئر

مصنّف

آغا نصیر خان احمد زئی بلوچ (بی اے)

بلوچی اکیڈمی کوئٹہ

کلیں حق پہ بلوچی اکیڈمی ۔ کوئٹہ

اولی بار	دسمبر ۱۹۸۱ء
وانگ	پنچ صد
شنگ کنوک	بلوچی اکیڈمی ۔ کوئٹہ
چھاپ جاہ	قلات پریس ۔ کوئٹہ
بہا	Rs 70

ابواب کی فہرست   بہرائی لڑ

	صفحہ تا کدہم
۰ ۱- پیش لفظ = سر توُز	
۲- چند ضروری اصطلاحات = چنڑے الی ایں رابیندی نام =	۱
۳- پہلا سبق = اول در = حروف ابجد - بک وڈ =	۶
۴- دوسرا سبق = دوی در = اعراب - کشّاب =	۹
۵- تیسرا سبق = سیمی در = لفظ - توُز =	۱۷
۱- چوتھا سبق = چہارمی در = اسم - نام =	۱۹
۷- پانچواں سبق = پنجمی در = اسم ضمیر - نام بدل =	۴۴
۸- چھٹا سبق = ششمی در = اسم صفت - سفتی نام =	۵۱
۹- ساتواں سبق = ہفتمی در = فعل - کارگونگیں نام =	۶۳
۱۰- آٹھواں سبق = ہشتمی در = زمانہ افعال - کارگونگیں لوزاں پاس	۸۲
۱۱- نواں سبق = نہمی در = صلہ فعل = کارسفتی نام =	۱۳۰
۱۲- دسواں سبق = دہمی در = حروف رابطہ = نیام توُز =	۱۴۰
۱۳- گیارھواں سبق = یازدہمی در = حروف اتصالیہ = آوار توُز =	۱۵۰
۱۴- بارھواں سبق = دوازدہمی در = حروف ندا = توار توُز =	۱۵۴
۱۵- تیرھواں سبق = سیزدہمی در = قواعد ضروریہ - یاتماریں رابیند =	۱۵۶
۱۶- چودھواں سبق - چہاردہمی در = اسم مصدر = بن توُز =	۱۶۴
۱۷- پندرھواں سبق - پانزدہمی در = اسم فاعل = کارکنوک =	۱۸۰

دیباچہ

زیر نظر کتاب - بلوچی زبان کی گرائمر یا صرف و نحو کی دو
ایڈیشن ہے - پہلی ایڈیشن ۱۹۶۰ء میں چھاپا گیا تھا - چونکہ پہلے ایڈ
کی تمام کاپیاں ختم ہو چکی ہیں - اور اس کی مانگ دن بدن بڑھ رہی
لہٰذا دوسرا ایڈیشن اسی مطلب کو پورا کرنے کے لئے لکھا گیا ہے
جیسے کہ پہلے ایڈیشن کے دیباچے میں عرض کیا گیا تھا - کہ کسی زبا
کو سیکھنے کے لئے یہ امر ضروری ہے - کہ سیکھنے والے کو - ا
زبان کی صرف و نحو سے کماحقہ واقفیت حاصل کرنا چاہیئے
چونکہ بلوچی اور براہوئی زبانوں کو سیکھنے کے لئے - کوئی مستند
مفید صرف و نحو کی کتاب موجود نہیں تھا - لہٰذا اس وقت کا احسا
کرتے ہوئے میں نے بلوچی اور براہوئی زبانوں کی صرف و نحو کے قوا
کے ترتیب و تسوید کا سلسلہ شروع کیا - گو کہ انگریزی دور میں
انگریز عالموں نے ان زبانوں کے متعلق کافی تحقیق کی ہے - مگر و
سب علم و نحو کے قواعد سے خالی ہیں - اگر کہیں کچھ قواعد کا تذکرہ
وہ اتنی کافی نہیں - کہ ان زبانوں کے سمجھنے اور سیکھنے میں کوئ

خاص مدد مل سکے۔

پہلے ایڈیشن میں بلوچی اور براہوئی زبانوں کے صرف ونحو کو یکجا طور پر جمع کرنے کی۔ اس بنا پر کوشش کی گئی تھی۔ کہ مرکزی بلوچستان میں رہنے والے تمام بلوچ قبائیل دونوں زبانوں کو بطور مادری زبان کے استعمال کرتے ہیں۔ اور یہ اس علاقے کی خاص خصوصیت ہے۔ اسی لئے پہلی ایڈیشن کے مسودے کو۔ چھاپنے سے پہلے۔ جانچنے کے لئے۔ ملک محمد پناہ صاحب مرحوم۔ وائس چیئرمین بلوچی اکیڈیمی کی خدمت میں۔ پیش کیا گیا تھا۔ جو میرے طرح دو زبان بولنے والے قبائل گروہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ چنانچہ ملک موصوف نے ہماری درخواست کو شرف قبولیت بخش کر۔ پہلے ایڈیشن کی جانچ پڑتال کی۔ جسے بعد میں چھاپا گیا۔ میں ملک صاحب مرحوم کی اس کاوش کا تہ دل سے مشکور ہوں۔ اس دوسری ایڈیشن میں۔ بلوچی اور براہوئی کے صرف و نحو کے کتابوں کو جدا چھاپا جا رہا ہے۔ اس کی رجوہات یہ ہیں۔ پہلے تو اس ایڈیشن میں طرز تحریر پہلے ایڈیشن سے بالکل مختلف ہے۔ دوسری کہ قواعد کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ تیسری کہ مثال زیادہ سے زیادہ دی گئیں ہیں۔ تاکہ سیکھنے والے کو ان زبانوں کے سیکھنے میں کوئی کمی محسوس نہ ہو۔ اس صورت میں اگر دونوں کتابوں کو یکجا کرکے۔ ایک کتاب کی صورت میں چھاپا جائے۔ تو کتاب کی ضخامت کے بڑھنے کا قوی امکانات ہیں۔ ممکن ہے۔ قاری صاحبان کی اکتاہٹ کا سبب بنے۔ دلچسپی سے کتاب کو نہ پڑھیں۔ آخر میں براہوئی اور بلوچی

زبانوں سے دلچسپی رکھنے والے صاحب علم و ذوق حضرات کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا۔ کہ اگر اس کتاب کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد اُن کو اس میں کچھ خامیاں معلوم ہوں تو از راہ نوازش مجھے ضرور مطلع فرمائیں۔ تاکہ آئندہ ایڈیشن شائع ہونے کے وقت ان خامیوں کا ازالہ کیا جا سکے۔

نیک تمناؤں کے ساتھ
نصیر خان احمد زئی بلوچ
۱۸ ، سریاب روڈ۔ کوئٹہ

اولی در — پہلا سبق
اولی بند — پہلا حصّہ

چند ضروری اصطلاحات

آب یا حَرپ
حروف

۱۔ یہ وہ تحریری علامات ہیں۔ جو ہم اپنے منہ سے نکلنے والی مختلف آوازوں کے لئے مقرر کرتے ہیں۔
مثلاً ؛ ا۔ ب ۔ ج ۔ د۔ وغیرہ۔

آبانی رِد بند
حروف تہجی

(ا) سے ے کر (ی) تک حروف کی عام ترتیب کو حروف تہجی کہتے ہیں۔
مثلاً؛ ا، ب، پ، ت، ٹ، ج، چ، ح، خ، وغیرہ

لَوز
لفظ

مختلف حرفوں کے مجموعے کو لفظ کہتے ہیں۔ مثلاً (رِنگ) ایک لفظ ہے۔ جو حروف۔ (ر، ن، گ) سے مل کر بنا ہے۔ اور انہی تینوں حروف کا مجموعہ ہے

جوڑنوک یا کشاب
اعراب یا حرکات

۱۔ یہ حرکات تین ہیں۔ زَبَر، زیر، پیش یہ علامات یوں لکھی جاتی ہیں۔

(۱) (زَبَر یا فتحہ = ـَــ) یہ علامت حرف کے اوپر لکھی جاتی ہے ہے۔ مثلاً = (جَر) یہ معنی (کپڑا)

(۲) زیر یا کسرہ =ـِـ) یہ علامت حرف کے نیچے لکھی جاتی ہے۔

مثلاً (زِبر) بہ معنی (کھُردُرا)

(۳) (پیش یا ضمہ ـُـ) یہ علامت حرف کے اوپر چھوٹے واو کی صورت میں لکھی جاتی ہے۔

مثلاً = (مُج) بہ معنی (دھُند)

کشّابی
مُتحرَک

ہر وہ حرف جس پر کوئی حرکت ہو گی۔ مُتحرِک کہلائے گا۔ نیچے دیئے ہوئے۔ الفاظ کے پہلے حروف مُتحرِک ہیں۔

مثلاً = جبُر۔ (کپڑا)۔ زِبر۔ (کھُردرا)۔ مُج۔ (دھُند)

اوشتوک
ساکن

وہ ہر حرف جس پر حرکت یا علامت نہ ہو۔ اور اُس کے ماقبل (پہلا حرف) حرف مُتحرِک ہو۔ اسے ساکن کہتے ہیں

مثلاً = گَپ بہ معنی (بات)،

حرف (گ) مُتحرِک اور حرف (پ) ساکن ہے۔

اوشتانکی
سکُون

سکون کے نشان کو جزم کہتے ہیں۔ جو اوندھا دال نما (د) نشان ہوتا ہے۔ یہ اُس حرف پر لگایا جاتا ہے۔ جس پر حرکت کی علامت نہ ہو۔

مثلاً = گَپْ (بات)،

اوشتانک
موقوف

اگر دو ساکن حروف اکٹھے ہو جائیں۔ تو دوسرے ساکن حرف کو موقوف کہتے ہیں۔

مثلاً = کَشْت۔ (دشمنی) کَشْت کے لفظ میں۔ دوسرا حرف (ش) ساکن اور (ت) موقوف کہلائے گا۔

دیمی
ماقبل

وہ حرف جو دوسرے حرف سے پہلے ہو۔ اُسے ماقبل کہتے ہیں۔
مثلاً = لفظ (جُبر) میں حرف (ر) کا ماقبل (ج) ہے۔

رندی
مابعد

وہ حرف جو پہلے حرف کے بعد واقع ہو۔ اُسے مابعد کہتے ہیں۔
مثلاً لفظ (بُز)۔ (بکری) میں حرف (ز) حرف (ب) کا مابعد ہے۔

دوکشاپی
تنوین

جب کسی حرف کے آخر میں۔ دو زبریں دو زیریں یا دو پیش آئیں۔ اور ان سے نون کی آواز پیدا ہو۔ اسے تنوین کہتے ہیں۔ تنوین ہمیشہ عربی الفاظ پر آتی ہے۔
مثلاً = فعلاً۔ نسلاً۔ قولاً وغیرہ

دوگشتانی
تشدید

ایک ہی حرف کو دو مرتبہ یا دوبار باہم ملا کر۔ پڑھنے کو عربی میں تشدید اور بلوچی میں (دوگشتانی) کہتے ہیں۔ علامت تشدید کو (ّ) شد کہتے ہیں۔
مثلاً = پُرّک (پروانہ)۔ کرّگ (کنارہ)۔ ربڑّ۔ (کیچڑ)
ان تینوں الفاظ میں (ر و ڑ) مشدد ہیں۔

دراجُکا
مد

یہ علامت جو بلوچی میں عموماً (الف) کے اوپر استعمال ہوتی ہے اُسے کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔ اس کی شکل یہ (~) ہوتی ہے۔ اسے مد کہتے ہیں۔
مثلاً = آس (آگ)۔ آپ (پانی)

اوستوک واوٗ / واوِ مجہول
یہ وہ ساکن واؤ ہے۔ جس کے ما قبل یا پہلے حرف کی حرکت پیش نہ ہو۔
مثلاً = موکل (رخصت)۔ مودہ (مرثیہ)۔ گوش (کان)

مالوم واوٗ / واوِ معروف
یہ وہ ساکن واؤ ہے۔ جس کے ما قبل یعنی پہلے حرف کی حرکت پیش ہو۔
مثلاً = موُد (بال)۔ ڑوُرٹ (گرد)۔ بوُم (اُلّو)۔ موُرک (مسام)

اوشتوک یے / یائے مجہول
یہ وہ ساکن (ی) ہے۔ جس کے ما قبل یعنی پہلے حرف کے نیچے زیر نہ ہو۔ اور کھل کر نہ پڑھی جائے
مثلاً = ڈیر (انبار)۔ سیر (رجا ہوا)۔ بیر (بدلہ)

مالوم (یے) / یائے معروف
یہ وہ ساکن (ی) ہے۔ جس کے پہلے حرف کے نیچے زیر ہو۔ اور کھل کر پڑھی جائے۔
مثلاً = شِیر (دودھ) بِیر (شادی)۔ مِیر (امیر)

چیریٖ (ہا) / ہائے مختفی
یہ وہ (ہ) ہے۔ جو صاف طور پر پڑھنے میں نہ آئے۔ بلکہ صرف اپنے حرف کی حرکت کو ظاہر کرنے
مثلاً = جامہ (قمیص) شانہ (کنگھی)

پڑینگ / حذف
عبارت میں سے کسی لفظ کو یا لفظوں میں سے کسی حرف کے گرا دینے کو حذف کہتے ہیں۔
مثلاً = پونسر (ناک) سے پوز (ناک)،
بوُنسر (تھوتھنی) سے بوُز (تھوتھنی)
دَست گٹ (مصروف) سے دَسگٹ (مصروف)

پہلے دو حروف کی درمیانی (ن) اور تیسرے حرف کی درمیانی (ت) کو حذف کر دیا گیا ہے۔

لوڑ گوڑ ؛ اِدغام
دو ہم مخرج یا ہم جنس حروف کو ملا کو پڑھنے کو اِدغام کہتے ہیں۔
مثلاً = بدتر - (خراب تر) سے بتّر (خراب تر)
= شرتر - (اچھا) سے شرّتر (اچھا)

بدل بیوک ؛ حروف عامل
یہ وہ حروف ہیں ۔ جن کی وجہ سے کلمات کے آخیر میں کچھ تغیر عمل میں آتا ہے۔ جیسے حروف ندا
مثلاً = خدا سے خدایا
= کریم سے کریما

صیغہ ؛ وڑسورت
لفظ کی ہیئت یا ساخت کو کہتے ہیں۔

لوُذ راہبند ؛ علم صرف
یہ علم اُن قواعد سے متعلق ہے۔ جو ایک صحیح زبان کو وجود میں لاتے ہیں جس کی وجہ سے ہم بلوچی زبان کو صحیح طور پر بول اور لکھ سکتے ہیں۔

آب یا حرف زانتی ؛ علم ہجا
یہ علم زبان کی اَبجد اور اعراب کے متعلق ہے۔ اور اِنہی کی ماہیت اور موزونیت کو بیان کرتا ہے۔ اور حروف کو ملا کر۔ اُن کے تلفظ کرنے کے انداز کو بیان کرتا ہے۔

اولی در	پہلا سبق
دومی بند	دوسرا حصہ

بلوچی زبان کے رسم الخط کے لئے اب تک کوئی نئے حروف تہجی وضع نہیں کئے گئے ہیں۔ اس میں عربی و فارسی ہی کے تیس حروف تہجی استعمال ہوتے ہیں۔ ان میں سے تین عربی زبان کے تین ہندی کے اور بقایا چوبیس حروف فارسی زبان کے ہیں۔

۱۔ فارسی زبان کے حروف = ا، ب، پ، ت، ج، چ، ح، د، ر، ز، ژ، س، ش، غ، ف، ک، گ، ل، م، ن، ں، و، ہ، ی۔

۲۔ عربی زبان کے حروف = ذ۔خ۔ء

۳۔ ہندی زبان کے حروف = ٹ۔ ڈ۔ ڑ

عربی زبان کے مندرجہ ذیل سات حروف۔ بلوچی الفاظ میں استعمال نہیں ہوتے۔ مگر عربی الفاظ کو لکھنے کی غرض سے استعمال کئے جا سکتے ہیں جو یہ ہیں۔

ث۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔ ع۔ ق

مندرجہ بالا تعفیل بیان کرنے کے بعد۔ بلوچی رسم الخط کے مستعمل تیس حروف تہجی کی شکلیں اور آوازیں نیچے بیان کی جاتی ہیں

حرف تہجی کی علامت	تلفظ حرف	حرف تہجی کی علامت	تلفظ حرف
۱- ا	اَلِف	۱۷- س	سین یا سا
۲- ب	بے یا با	۱۸- ش	شین یا شا
۳- پ	پے یا پا	۱۹- غ	غین یا غا
۴- ت	تے یا تا	۲۰- ف	فے یا فا
۵- ٹ	ٹے یا ٹا	۲۱- ک	کاف یا کا
۶- ج	جیم یا جا	۲۲- گ	گاف یا گا
۷- چ	چے یا چا	۲۳- ل	لام یا لا
۸- ح	حے یا حا	۲۴- م	میم یا ما
۹- خ	خے یا خا	۲۵- ن	نون یا نا
۱۰- د	دال یا دا	۲۶- و	واؤ یا وا
۱۱- ڈ	ڈال یا ڈا	۲۷- ء	ہمزہ یا
۱۲- ذ	ذال یا ذا	۲۸- ہ	ہے یا ہا
۱۳- ر	رے یا را	۲۹- ی	یئے یا یا
۱۴- ڑ	ڑے یا ڑا	۳۰- ے	یئے یا یا
۱۵- ز	زے یا زا		
۱۶- ژ	ژے یا ژا		

نوٹ :- بلوچی حروف تہجی میں نون غُنہ بھی ایک حرف شمار ہوتا ہے۔ یعنی وہ نون جو ناک سے پڑھا جائے۔ اس کی خاص شکل یوں ہوتی ہے۔ (ں) اس کی آواز ناک سے نکالی جاتی ہے۔ اس کے درمیان میں نون کی طرح نقطہ نہیں ہوتا۔ بلوچی زبان میں یہ حرف کسی لفظ کے آغاز میں نہیں آتا۔ بلکہ دیگر حروف کے درمیان یا اخیر میں آتا ہے۔

مثلاً۔ پونز (ناک)۔ گرانز (نتھنے)
گواشز (گز پیمانہ)۔ شِنز (دکانے دار بوئی)
مردماں (مردم کی جمع) نندان (میٹھا ہول)

دومی در　　　　　دوسرا سبق

بلوچی زبان کی حرکات یا اعراب

جیسے پہلے بیان کیا جا چکا ہے ۔کہ حروف کو ملانے کے لئے کچھ علامات استعمال کی جاتی ہیں ۔ جنہیں اردو زبان میں حرکات یا اعراب کہتے ہیں ۔اور انہی علامات کو بلوچی میں (جوڑ ٹینک) یا کُشاپ کہا جاتا ہے ۔ بلوچی زبان میں ان حرکات کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے
۱۔ چھوٹی آواز والی حرکات ۲۔ لمبی آواز والی حرکات ۔چھوٹی آواز والی حرکات کو تلفظ کرتے وقت ۔آواز کو کھینچنا نہیں پڑتا ۔جبکہ لمبی آواز والی حرکات کو تلفظ کرتے وقت ۔ آواز کو کھینچنا پڑتا ہے ۔

نیچے انہی اعراب کا نقشہ دیا جاتا ہے ۔تاکہ بلوچی زبان سیکھنے والوں کو آسانی رہے ۔

چھوٹی آواز کی حرکات　　　　گُونڈ تواریں جوڑ ٹینک

بلوچی اعراب	قسم اعراب	مثال	اردو کے ہم وزن الفاظ
= A	چھوٹی آواز کا زَبَر	اَچ ۔ سے اَت ۔ تھا	اَب رَب

		دَپ - منہ کَپ - آدھا	جَب کَب
I	چھوٹی آواز کا زیر	پِس - باپ گِس - گھر اِنت - ہے کِشک - پگڈنڈی	اِس جِس اِن عِشق
u	چھوٹی آواز کا پیش	پُل - پھول ٹُل - مینار رُنج - دھند پُج - سب	چُل گُل مُجھ تُم

لمبی آواز کی حرکات = دِراج نوازیں جو ڈیٹوک

آ AA	لمبی آواز کا زبر	آس = آگ آف = پانی آج = ہاتھی دانت آسک = ہرن	آگ آپ آج آن
ی EE	لمبی آواز کا زیر	ژیر = دودھ	کھیر

		رېږ = بڈھا لېک = لکیر رېنګ = گنّا	اُمیر لکیر قمیر
و OO	لمبی آواز کا پیش یا واؤ معروف	سُوړ = بال بُوزہ = تھوتھنی بُوچ = تنکا بُوره = ذرّہ	پھُول بھُول مُول جھُول
و ٥	گول آواز کا واؤ یا واؤ مجہول	کور = اندھا بور = نسواری رنگ گرل = سراب گرن = ساتھ	گول کوس بول تول

نوٹ = واؤ مجہول کو گول واؤ اس لئے بیان کیا گیا ہے۔ کہ جب یہ حرف لفظ کے درمیان آئے۔ تو اس لفظ کو تلفظ کرتے وقت منہ کو گول کرکے آواز نکالی جاتی ہے۔

شد:- شد کے بارے میں پہلے بیان ہو چکا ہے۔ کہ ایک جنس کے دو حرف کو باہم ملا کر پڑھنے کو تشدید کہتے ہیں اور اس کی علامت کو شد کہتے ہیں۔ جس کی یہ صورت (ـّـ) ہوتی ہے۔

بلوچی اعراب	قسم اعراب	مثال	اردو کے ہم وزن الفاظ
ّ NN	شد	کَرّک = کنارہ نَنّک = دادی - نانی کِرّی = لئی کا درخت کَجّر = کپڑا	چھلاّ رِبلاّ مَلاّح بلاّ

دو حروف علت کی مل ہوئی آواز

جب دو حروف علت مل کر۔ آواز پیدا کرتے ہیں۔ تو انکو انگریزی گرامر کی اصطلاح میں (DIPTHONG) کہتے ہیں۔ اس قسم کے بلوچی الفاظ کا چارٹ نیچے دیا گیا ہے۔

بلوچی اعراب	دو حرفی اعراب	مثال	اردو کے ہم وزن الفاظ
َ - وٗ AU	دو حرفی اعراب	گوَر = ندی جوَز = اخروٹ اَوَر = بارش اہوَپ = بیماری	کوَن اَوَر غوَر دوَر
َ - ی AI		شیَر = اشعار خیَر = امن مَیل = تماشا	میَل بیَل سیَر

		اَیُب = عَیب	عَیُب
ے/ei ی EI		لیزُگ = میل سیئر = رجا ہوا ٹیئل = فرقہ لَیگار = میلا	

بلوچی زبان کے لہجے

(۱) بلوچی زبان کے دو لہجے ہیں۔ مغربی لہجہ و مشرقی لہجہ دونوں لہجوں میں باز الفاظ کے تلفظ کرنے میں فرق ہے۔ مگر تبدیلیٔ تلفظ سے لفظ کے معنی پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو مغربی اور مشرقی لہجوں میں اس طرح تلفظ کرتے ہیں۔ نیچے دیا ہوا چارٹ ملاحظہ ہو۔

حروف (و) اور (ی) کی تبدیلی۔

مشرقی لہجے میں حرف (و) کے بجائے حرف (ی) استعمال ہوتا ہے

مغربی لہجہ	مشرقی لہجہ	بلوچی لفظ کی اردو معنی
آروزنک	آرینک	مسوڑھ
دستونک	دستینک	کنگن
رُوملاس	ریملاس	برملا

موُر	رمید	بال
سوُر	سیر	شادی
اِستُون	اِستِین	بادل
زوُرگ	زیرگ	اٹھانا
دَموُره	دمبیره	طنبور
خاتون	خائین	عورت
وَسَو	وَسّی	ساس - خوش دامن
زُو	تَرِی	خالہ یا پھوپی
حورت	حیرت	چھوٹا
زوم	نیم	بچھڑا
حوُر	رہیر	حوُر

(۲) مغربی اور مشرقی لہجوں میں دوسرا فرق یہ ہے۔ کہ بعض الفاظ میں مشرقی لہجہ بولنے والے (غ۔ ف۔ ښ۔ ږ۔ خ۔ ش۔ ی) کے حروف کا استعمال کرتے ہیں۔ اور انہی الفاظ میں مغربی لہجہ بولنے والے مندرجہ بالا حروف کے بجائے (گ۔ پ۔ ج۔ ج۔ ک۔ س۔ ت۔ د) استعمال کرتے ہیں۔ حروف کے ان تغیر و تبدل سے الفاظ کے معنی نہیں بدلتے۔ حرف (د) اور (ی) کی تبدیلی کے حروف کے تلفظ کا چارٹ اوپر بیان کیا جا چکا ہے۔ اس قسم کے دیگر حروف کی تبدیلی کے چارٹ نیچے دیئے جاتے ہیں۔ ملاحظہ ہوں۔

مغربی لہجہ میں حرف کا استعمال	مغربی لہجہ	لفظ کا اردو معنی	مشرقی لہجہ	مشرقی لہجہ میں حرف کا استعمال
۲ (گ)	وَرَگ	کھانا	وَرَغ	(غ)
	نِندَگ	بیٹھنا	نِندَغ	
	گُشنگ	کہنا	گُشغ	
	جَنگ	مارنا	جَنغ	
	وَسپگ	سونا	وَسپغ	
	رُمبگ	دوڑنا	رُمبغ	
	گَندَگ	دیکھنا	گَندَغ	
(۳) (پ)	آپ	پانی	آف	(ف)
	دَپ	منہ	دَف	
	شَپ	رات	شَف	
	تَپ	بخار	تَف	
	لاپ	پیٹ	لاف	
۴ (و)	زور	اٹھاؤ	زیر	(ی)
	دُور	دُور	دیر	
	سُور	شادی	سیر	
	حورت	چھوٹا	حیرت	
	مُود	بال	مید	

مغربی لہجہ میں حروف کا استعمال	مغربی لہجہ	لفظ کا اردو معنی	مشرقی لہجہ	مشرقی لہجہ میں حروف کا استعمال
۵ (چ)	مَرَچی روچ چہ نیم روچ سُوچن	آج دن سے در پہ سوئی	مروشی روش شہ نیم روش سیشن	(ش)
(۶) (ج)	واجہ واج بوجگ	آقا رفتار کھولنا	واژہ واژ بوژگ	(ژ)
(۷) (ت)	بُوتہ کُتہ	ہو گیا ہے کیا ہے مارا ہے	بیشہ کُشہ	(ش)
(۸) (ح)	بحت رحت	کھولا پالان	بخُت رَخت	(خ)
(۹) (ک)	گنوک گوک	پاگل گائے	گنوخ گرخ	(خ)

	مہروک کنوک جنوک	مڑوہ کرنے والا مارنے والا	مہرورخ کنورخ جنورخ	

مشرقی لہجہ میں بعض الفاظ کو مختصر کر کے تلفظ کرتے ہیں۔ جو مغربی لہجہ میں مستعمل نہیں۔ چارٹ ملاحظہ ہو

مغربی لہجہ	مشرقی لہجہ	مشرقی لہجہ میں تلفظ کا اختصار
گوشیت	گوشیت	شیت ۔ (وہ کہتا ہے)
روکا انت	روغا انت	روغین ۔ (وہ جا رہا ہے)
کنگا انت	کنغا انت	کنغین ۔ (وہ کر رہا ہے)
نشتگ انت	نشتغ انت	نشتغین ۔ (وہ بیٹھا ہے)

سیمی در   تیسرا سبق

لوٹز
لفظ

زبان بامعنی الفاظ سے بنتی ہے۔ الفاظ کی دو قسمیں ہوتی ہیں ۱۔ کلمہ اور ۲۔ مہمل۔

مانادارین لوٹز
کلمہ

الفاظ کا وہ مجموعہ۔ جس کے معنی سمجھ میں آئیں اسے کلمہ کہتے ہیں۔

جیسے = مَنی براس شُت۔ میرا بھائی گیا۔
گوک ہشیر دَنت ۔ گائے دودھ دیتی ہے۔

بے مانائیں لوُذ الفاظ کا وہ مجموعہ۔ جس کے کوئی معنی نہ ہوں۔ مہمل کہلاتا ہے۔

مہمل

جیسے = براس ۔ ما ۔ شُت
= دَنت ۔ گوک ۔ ہشیر

رد صحیح طور پر۔ ترتیب دیئے ہوئے۔ بامعنی الفاظ کے

فقرہ مجموعے کو فقرہ کہتے ہیں۔

مثال ۱۔ گوک لوگی ساہدارے انت } بامعنی فقرہ ہے۔
۱۔ گائے ایک پالتو جانور ہے
۱۔ اِنت۔ لوگی سابدارے ۔گوک } بے معنی فقرہ ہے۔

۲۔ کچک درآمدیں مردم ءِ سرا وَکیت
۲۔ کُتا اجنبی آدمی کو دیکھ کر بھونکتا ہے } بامعنی فقرہ ہے
۲۔ وکیت۔ سرا۔ مردم۔ کچک ءِ۔ درآمدیں } بے معنی فقرہ ہے

۳۔ ڈگار جسکگا انت
۳۔ زمین ہل رہی ہے } بامعنی فقرہ ہے
۳۔ اِنت۔ ڈگار۔ جُسکگا } بے معنی فقرہ ہے

لوُذانی ۔ آزا
الفاظ کی قسمیں

بلوچی زبان میں الفاظ کی آٹھ قسمیں ہیں ۔

۱	نام	اسم
۲	راوزی نام	اسم ضمیر
۳	سفتی نام	اسم صفت
۴	کارگوئگیں نام	فعل
۵	کارسفتی نام	متعلق فعل
۶	بیام لوُذ	حرف رابطہ
۷	اوار لوُذ	حرف عطف
۸	تزار لوُذ	حرف ندا

چارمی در — چوتھا سبق

اولی بند — حصّہ اول

نام / اسم

اسم اُس لفظ کو کہتے ہیں ۔ جس سے کسی انسان ۔ جانور ۔ جگہ ۔ یا چیز کا نام سمجھا جائے ۔ معنوں کے اعتبار سے اسم کی پانچ قسمیں ہیں ۔

۱- کس نام / اسم نکرہ
۲- خاص نام / اسم معرفہ
۳- کل نام / اسم جمع
۴- ہرداتی نام / اسم مادیہ
۵- حال نام / اسم کیفیہ

۱ کس نام / اسم نکرہ — یہ اسم ایک ہی قسم کی مختلف چیزوں کا نام ہوتا ہے۔

مثال ۱- اُشتر (اونٹ) ۲- پُشک (قمیص) ۳- پُل (پھول)
۴- کاٹار (خنجر) ۵- چم (آنکھ) ۶- مردم (آدمی)

۲- خاص نام / اسم معرفہ — یہ اسم خاص شخص یا جگہ یا چیز کا نام ہوتا ہے

۱- دل مراد = ایک خاص آدمی کا نام ہے۔
۲- ھنگول = ایک خاص دریا کا نام ہے۔
۳- ماران = ایک خاص پہاڑ کا نام ہے۔
۴- تُربت = ایک خاص شہر کا نام ہے۔

خاص نام — (اسم) معرفہ کی پانچ قسمیں ہوتی ہیں۔

۱- **داتگیں نام / خطاب**

حکومتیں بعض دفعہ کچھ لوگوں کو ان کی خدمات کے صلے میں ایک اعزازی نام عطا کرتی ہیں۔ جسے خطاب کہا جاتا ہے۔ جیسے۔ نواب۔ شاغاسی۔ سردار میر میران

۲- **پرپشگیں نام / لقب**

بعض دفعہ انسان ذاتی کردار کی مثبت یا منفی خصوصیت کی وجہ سے شہرت پاتا ہے۔ لوگ اُسے عزت بخشنے یا مذمت کرنے کی خاطر۔ ایک اعزازی یا مذموم نام سے موسوم کرتے ہیں۔ جسے لقب کہا جاتا ہے۔ جیسے۔ سرجار (جاں نثار)۔ زحم جن (شمشیرزن) جستہ پاد (بھگوڑا)۔ دپ پلہ (منہ پھٹ)۔

شاہری نام / تخلص

وہ حضرات جو شاعری میں کمال رکھتے ہیں۔ اپنے اصل نام کے علاوہ۔ اپنا ایک مختصر نام۔ اشعار میں استعمال کرنے کے لیے رکھتے ہیں۔ جسے تخلص کہتے ہیں۔
مثلاً = نقیبؔ۔ شادؔ۔ شاہینؔ۔ سوداؔئی۔ ناچارؔ

زرتگیں نام / کُنیت

دنیا میں مرد ہو یا عورت۔ اُن کے اصلی نام ہوتے ہیں۔ مگر بعض دفعہ وہ اپنے بچوں کے نام سے موسوم ہو جاتے ہیں۔ اِس قسم کے اسما کو کُنیت کہتے ہیں۔
جیسے۔ لشکران ءِ پس (لشکراں کا اَبّو)
گرانازءِ ماس (گراناز کی اَمّی)

زانگی نام / عرف

بعض دفعہ اِنسان اپنے اصل نام کے علاوہ کسی اچھی یا بُری وجہ سے۔ کسی دوسرے نام سے موسوم ہو جاتا

ہے ۔ اس قسم کے نام کو عرف کہتے ہیں ۔

جیسے = کریم بخش سے کریو
گل محمد سے گلو
دلدار سے دلو
زر خاتون سے زرّی

III ۲۔ گل نام / اسم جمع یہ جاندار یا غیر جاندار چیزوں کے گروہ کا نام ہوتا ہے ۔

مثال =
لشکر ۔ (فوج)
راج ۔ (قبیلہ)
بولک ۔ (طایفہ)
جنج ۔ (برات)
رمگ ۔ (ریوڑ)
بگ ۔ (اونٹوں کا گلہ)
گورم ۔ (گائیوں اور بھیلوں کا گلہ)
گلہ ۔ (گھوڑوں کا گلہ)
میگو ۔ (دنبوں کا ریوڑ)
بزگل ۔ (بکریوں کا ریوڑ)
باہر ۔ (گدھوں کا گلہ)
زاگل ۔ (میمنوں کا ریوڑ)
رم ۔ (پرندوں کا غول)
کوتر ۔ (پرندوں کا غول)
جار ۔ (چڑیوں کی ڈار)

مادی نام / اسم مادیہ یہ اُن تمام مادی اشیا کا نام ہے ۔ جن سے دوسری چیزیں بنائی جا سکتی ہیں ۔

جیسے = ۱۔ آرت (آٹا) = ۲۔ شیر (دودھ)

۳۔ دار (لکڑی) = ۴۔ آہن (لوہا)

۵۔ سُہر (سونا) = ۶۔ زر (چاندی)

---

۷ ۵ حالی نام یہ وہ اسم ہے۔ جو کسی چیز کی وصف یا حالت۔ یا اسم کیفیہ کیفیت کو ظاہر کرے۔

مثال = ۱۔ سُرپڑی = (سمجھ) = وصف

۲۔ گہرزی = (بلندی) = وَسف

۳۔ دراجی = (لمبائی) = وَصف

۴۔ بے وسی = (مجبوری) = حالت

۵۔ ناداری = (مفلسی) = حالت

۶۔ گلامی = (غلامی) = حالت

۷۔ ورنائی = (جوانی) = حالت

۸۔ ہال = (الحان) = کیفیت

۹۔ ببیر = (رولہ) = کیفیت

۱۰۔ خندگ = (ہنسنا) = کیفیت۔

دومی بند حصہ دویم

لفظ کے ترکیبی اعتبار سے اسم کی قسمیں

لفظ کے ترکیبی اعتبار سے اسم کی تین قسمیں ہیں۔

۱	بن کوُڈ اسم مصدر	۲	دریتنگیں نام اسم مشتق

۳ کہنین نام
اسم جامد

I ۱- بُن کوُڈ نام / اسم مصدر یہ اسم صرف کام کے کرنے کو ظاہر کرتا ہے جس میں کام کے زمانے کا کوئی تعین نہیں ہوتا ہے بلوچی زبان کے مغربی لہجہ میں - اس کا آخری حرف (گ) ہوتا ہے - اور مشرقی لہجہ میں (غ)

مغربی لہجہ	مشرقی لہجہ	اردو معنی	مغربی لہجہ	مشرقی لہجہ	اردو معنی
وَرَگ	وَرَغ	کھانا	گرِگ	گرِغ	لینا
تچگ	تچغ	دوڑنا	پٹگ	پٹغ	تلاش کرنا
کشگ	کشغ	قتل کرنا	کپگ	کپغ	گرنا
آہگ	آہغ	آنا	خندگ	خندغ	ہنسنا
بَرَگ	بَرَغ	لے جانا	مرگ	مرغ	مرنا
دیگ	دیغ	دینا	رَوَگ	رَوَغ	جانا
مڑگ	مڑغ	لڑنا	وپسگ	وپسغ	سونا
جنگ	جنغ	مارنا	گڈگ	گڈغ	اونگھنا

II ۲- اسمِ مشتق درکپتنگیں نام یہ اسم ۔ اسم مصدر سے نکلتا ہے۔ اس کی پانچ قسمیں ہیں۔

(i) کنوک / اسم فاعل (ii) بیوک / اسم مفعول (iii) جاہی نام / اسم ظرف

(iv) اسبابی نام / اسم آلہ (v) بُن لوذِہ حاصل / حاصل مصدر

---

i کنوک نام / اسم فاعل یہ وہ اسم ہے ۔جو کام کرنے والے کو ظاہر کرتا ہے اس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ مصدر کے آخری حرف کو جو (گ یا غ) ہوتا ہے ۔ اُسے گرا کر اس کی جگہ پر لفظ (وک) لگایا جاتا ہے۔

مثال =

بُن لوذ (اسم مصدر)	کنوک نام ۔(اسم فاعل)	اردو معنی
کُشنگ (قتل کرنا)	کُشوک =	قاتل ۔قتل کرنے والا
نبیسنگ (لکھنا)	نبیسوک =	نویسندہ ۔ لکھنے والا
گُرُنگ (بُنتا)	گُرُفوک =	بُننے والا
جنگ (بھاگنا)	جہوک =	بھگوڑا ۔ بھاگنے والا
وَرگ (کھانا)	وَروک =	پیٹو ۔ کھانے والا
ہڑگ (لڑنا)	ہڑوک =	جنگجو ۔لڑنے والا

کُشّک (کہنا)	گشوک	راوی۔ کہنے والا

(ii) بیوک نام / اسمِ مفعول : یہ وہ اسم ہے۔ جس پر کسی فعل کا اثر واقع ہو۔ اس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ مصدر کے آخری حرف کو جو (گ یا غ) ہوتا ہے۔ دور کرکے اس کی جگہ پر (تگین) کے لفظ کو لگایا جاتا ہے۔ تو اسم مفعول بنتا ہے۔

بُن لوز۔ (اسم مصدر)	بیوک نام۔ (اسم مفعول)	اردو معنی
کُشّگ = (قتل کرنا)	گشتگین	مقتول۔ قتل کیا گیا
شوشاگ = (فروخت کرنا)	شوشتگیں۔	بکا ہوا۔ فروخت شدہ
سوچگ = (جلانا)	سوتگین	سوختہ۔ جلا ہوا
گوفگ = (بننا)	گوفتگین	بُنا ہوا۔
جنگ = (مارنا)	جتگین	پٹا ہوا۔
وَرگ = (کھانا)	وارتگیں	کھایا ہوا۔
وِرگ = (پھاڑنا)	ورتگیں	پھٹا ہوا

(iii) جاہی نام / اسم ظرف : یہ اسم کام کے وقت یا جگہ کو ظاہر کرتا ہے۔

مثال :-

بُن لوز۔ (اسم مصدر)	جاہی نام (اسم ظرف)	اردو معنی
دست شوگ (ہاتھ دھونا)	دست شود	ہاتھ دھونے کا برتن

دان چوپنگ = (اناج کو کوٹنا)	دان چوپ		اوکھلی
گیپنگ = (چھاننا)	گیپن		چھاننی

(۱۷) **اسبابی نام / اسم آلہ** :- یہ اسم کام کے کرنے کے وسیلہ کو ظاہر کرتا ہے اسکے بنانے کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ مصدر کے آخری حرف کو جو (گ یا غ) ہوتا ہے ۔ اُسے دور کرکے اس کی جگہ پر حرف (ہ) کی ایزادی کی جاتی ہے ۔

مثال =

بُن لوڈُ = (اسم مصدر)	آسبابی نام / اسم آلہ	اُردو معنی
روگِگ = (جھاڑو دینا)	روپہ	جھاڑو
تاپگ = (سینکنا)	تاپہ	توا
سُمبگ = (سوراخ کرنا)	سُمبہ	برما
پچ کننگ = (ناپنا)	پچ	ناپ
داغ دیگ = (داغ دینا)	دازن	داغنے کا لوہا

(۷) **بُن لوڈُرہ حاصل / حاصل مصدر** : یہ اسم مصدر کی حالت یا کیفیت کو ظاہر کرتا ہے ۔

بُن لوڈُ ۔ (اسم مصدر)	بن لوڈُ رہ حاصل (حاصل مصدر)	اردو معنی
گندگ = (دیکھنا)	گندک	ملاقات

آزمائینگ = (آزمانا)	آزمات	آزمائش
رُمانگ = (فرمان کرنا)	رُمات	فرمان
چکاسنگ = (امتحان لینا)	چکاس	امتحان
رُمبگ = (دوڑنا)	رُمب	دوڑ

III ۳ **کہنیں نام** یہ وہ اسم ہے۔ جو مصدر سے نہیں بنتا

اسم جامد مثال = (i) ماڑی = (محل) (v) دیم = (چہرہ)

(ii) چَم = (آنکھ) (vi) میچ = (میز)

(iii) گَس = (گھر) (vii) کاٹار = (خنجر)

(iv) پونز = ناک) (viii) زہم = (تلوار)

سیمی بند   تیسرا حصہ

حساب پَچ یہ وہ اسم ہے۔ جو کسی اسم کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے

اسم عدد (i) اسم اگر ایک چیز ہو۔ تو اُسے کہتے ہیں۔ (یک

یعنی واحد۔

(ii) اسم اگر ایک چیز سے زیادہ ہو۔ تو اُسے کہتے ہیں

یعنی جمع

بلوچی زبان میں واحد سے جمع بنانے کا طریقہ

بلوچی زبان میں واحد سے جمع بنانے کے دو طریقے ہیں۔

ا **اولی وڑ** — **پہلا قاعدہ**: اسم واحد کے بعد (آن) کا لفظ بڑھانے سے اسم جمع بن جاتا ہے۔

بدنءِ آزاہانی نام ۔ (جسم کے اعضا کے نام)

یک = (واحد)	باز = (جمع)	یک = (واحد)	باز = (جمع)
سَر (سر)	سَران = (سروں)	زُبان = (زبان)	زُبانان = (زبانیں)
سَغَر (سر)	سَغَر = (سروں)	گُرزن = (گردن)	گُرزنان = (گردنیں)
دَست (ہاتھ)	دستان = (ہاتھوں)	چَم = (آنکھ)	چمان = آنکھیں
گوش (کان)	گوشان = (کانوں)	پوز = (ناک)	پوزان = (ناکوں)
دیم (چہرہ)	دیمان = (چہرے)	دَپ = (منہ)	دَپان = (منُوں)
مُود (بال)	مُودان = (بالوں)	دَنتان = (دانت)	دَنتانان = (دانتوں)
مید (بال)	میدان = (بالوں)	پاد = (پاؤں)	پادان = (پاؤں)
بانک (بازو)	باسکان = (بازوؤں)	لنک = (انگلی)	لنکان = انگلیاں
کوڈ (گھٹنا)	کوڈان (گھٹنے)	کوپگ = (کندھا)	کوپگان = (کندھے)
سرین (کمر)	سرینان = (کمریں)	ران = (ران)	رانان = (رانیں)
مُنگ (کندھے کا پشت)	مُنگان (کندھوں کی پشت)	پُشت = (پیٹھ)	پُشتان (پیٹھیں)
مُرشنگ (کہنی)	مُرشنگان (کہنیاں)	گُٹ = (گلا)	گُٹان (گلے)
بُرواناگ ۔ (ابرو)	بُرواناگان (ابروؤں)	پیشانی = (ماتھا)	پیشانیان (ماتھے)
زیل ۔ (ناخن)	زیلان (ناخنوں)	گرانزہ = (ٹخنا)	گرانزان (ٹخنے)
ریش ۔ (داڑھی)	ریشان (داڑھیاں)		
بروت ۔ مونچھ	بروتان (مونچھیں)	لاپ = (پیٹ)	لاپان (پیٹوں)

کس وکامانی نام (رشتہ داروں کے نام)

یک = (واحد)	بانز = (جمع)	یک = (واحد)	بانز = (جمع)
پس یا پت (باپ) براس یا برات (بھائی)	پسان یا پتان (باپوں) براسان یا براتان (بھائیوں)	ماس یا مات (ماں) گہار (بہن)	ماسان یا ماتان (مائیں) گہاران (بہنیں)
زاماس یا زامات (داماد)	زاماسان یا زاماتان (دامادوں)	جنک (لڑکی)	جنکان (لڑکیاں)
ترو یا تری (خالہ یا پھوپھی)	تروان یا تریان (خالائیں یا پھوپھیاں)	بچ (بیٹا)	بچان (بیٹے)
ناکوزاک (چچیرا بھائی) (ماموزاد بھائی)	ناکوزاکان (چچیرا بھائیوں) (ماموزاد بھائیوں)	نشار (بہو)	نشاران (بہوئیں)
ناکو (چچا یا ماموں)	ناکوان (چچاؤں یا ماموؤں)	پیرک (دادا یا نانا)	پیرکان (دادے یا نانے)
جن (بیوی)	جنان (بیویاں)	مرد (خاوند)	مردان (خاوندوں)
بلک (دادی یا نانی)	بلکان (دادیاں یا نانیاں)	ہپوک (سوکن)	ہپوکان (سوکنیں)

ڈبکی - (سالی یا نند)	ڈبکیان (سالیاں یا نندیں)	ڈسرک (خسر)	ڈسرکان - (خسروں)
زاگ (بچہ)	زاگاں (بچے)	چُک (بچہ)	چُکان (بچے)
نواسگ (نواسہ یا پوتا)	نواسگاں (نواسے یا پوتے)	بانک - (بیگم)	بانکان (بیگمات)

سابدارانی نام (جانوروں کے نام)

یک (واحد)	باز (جمع)	یک (واحد)	باز (جمع)
اسپ (گھوڑا)	اسپان (گھوڑے)	گوک (بیل)	گوکان (بیلوں)
بز (بکری)	بزاں (بکریاں)	خر (گدھا)	خران (گدھے)
پس (بھیڑ) سیاہ پس - (بکری)	پسان (بھیڑیں) سیاہ پسان (بکریاں)	اُشتر (اونٹ)	اُشتران (اونٹوں)
کُچک - (کتا) اسپے پس - (بھیڑ)	کُچکان (کتے) اسپے پسان (بھیڑیں)	بینگ (کتا)	بینگان (کتے)

شیر (شیر)	شیران (شیروں)	ڈگی (گائے)	ڈگیاں (گائیں)
میہی (بھینس)	میہان (بھینسیں)	گرگ (بھیڑیا)	گرگان (بھیڑیے)
روبا (لومڑی)	روباآن (لومڑیاں)	یاچن (بکرا)	باچنان (بکرے)
آسک (ہرن)	آسکان (ہرنوں)	گڈ (پہاڑی بکری)	گڈان (پہاڑی بکریاں)
گرانڈ (مینڈھا)	گرانڈان (مینڈھے)	ڈاچی (اونٹنی)	ڈاچیاں (اونٹنیاں)
لاغ (گدھا)	لاغان (گدھے)	لیٹرو (نراونٹ)	لیٹروان (نراونٹوں)
مزار (شیر)	مزاران (شیروں)	ہیل (ہاتھی)	ہیلان (ہاتھیوں)
مادن (گھوڑی)	مادنان (گھوڑیاں)	نریان (گھوڑا)	نریانان (گھوڑے)

مُرغانی نام   پرندوں کے نام

یک (واحد)	باز (جمع)	یک (واحد)	باز (جمع)
چنگل - چڑیا	چنگلان (چڑیاں)	توتی (طوطا)	توتیاں (طوطے)

بکوش (کبوتر)	بکوتان (کبوتروں)	بکوزر (کبوتر)	بکوزران (کبوتروں)
شاکل (قمری)	شاکلان (قمریاں)	کردس (مرغا)	کردسان (مرغے)
نیکنک (مرغی)	نیکنکان (مرغیاں)	بٹ - (بطخ)	بٹان (بطخیں)
باڑو (بیٹر)	باڑوان (بیٹریں)	کبک (چکور)	کبکان (چکوروں)
انج - (بطخ)	انجان (بطخیں)	گراگ (کوا)	گراگان (کوؤں)
بانز - (باز)	بانزان (بازوں)	چیپک (چوزہ)	چیپکان (چوزوں)
چوری (چوزہ)	چوریاں (چوزوں)	شاہین (شاہین)	شاہینان (شاہینوں)

دومی وڑ
دوسرا قاعدہ: اسم جمع بنانے کا دوسرا قاعدہ یہ ہے۔ کہ اگر اسم کا آخری حرف (ہ) ہو۔ تو ایسے اسموں کے جمع بنانے کے لئے لفظ (آن) کے بجائے لفظ (کان) لگایا جاتا ہے۔

یک (واحد)	باز (جمع)	یک - (واحد)	باز (جمع)
گلہ (گلہ)	گلکان (گلے)	چوچہ (بچہ)	چوچکان (بچے)

رمہ (ریوڑ)	رمگان (ریوڑوں)	پادہ (پائے)	پادگان (پاؤں)
کوچہ (وادی)	کوچگان (وادیاں)	رودہ (اجاڑہ)	رودگان (اجاڑیں)
کوپہ (کندھا)	کوپگان (کندھوں)	تولہ (گیدڑ)	تولگان (گیدڑوں)
پپیہ (پپیہ)	پپگان (پپیوں)	مورہ (مٹکا)	مورگان (مٹکے)
پنجہ (پنجہ)	پنجگان (پنجے)	روتہ (انتڑی)	روتگان (انتڑیاں)
درہ (درہ)	درگان (درے)	پرسہ (پرس)	پرسگان (پرسوں)
کیسہ (جیب)	کیسگان (جیبوں)	نرینہ (مرد)	نرینگان (مردوں)
زالیفہ (عورت)	زالیفگان عورتیں	آرہ (آری)	آرگان (آریاں)
نذارہ (نظارہ)	نذارگان (نظارے)	کوچہ (وادی)	کوچگان (وادیاں)
خوشہ (خوشہ)	خوشگان (خوشے)	توبرہ (توبرا)	توبرگان (توبرے)
غلہ (گندم)	غلگان (گندموں)	تنکہ (تنکا)	تنکگان (تنکے)

چارمی بند — چوتھا حصہ

ذات / جنس: جنس سے مراد یہ ہوتا ہے۔ کہ اسم کی جنس کیا ہے؟ آیا وہ نر ہے۔ یا مادہ۔ یا مشترک ہے۔ جو نر میں بھی شمار ہو سکتا ہے۔ اور مادہ میں بھی یا بالکل کسی جنس۔ نر یا مادہ سے تعلق نہیں رکھتا ہے۔ بلوچی زبان میں جنس کی چار قسمیں ہوتی ہیں۔

(i) **نرذات / مذکر**: یہ ظاہر کرتا ہے۔ کہ اسم نر یا مذکر ہے۔

(ii) **مادہ زات / مونث**: یہ ظاہر کرتا ہے۔ کہ اسم مادہ یا مونث ہے۔

(iii) **ہوریں زات / مشترک**: یہ اسم ظاہر کرتا ہے۔ کہ اسم نر یا مذکر بھی ہو سکتا ہے۔ اور مونث بھی ہو سکتا ہے۔

(iv) **بے زات / بے جنس**: بے جان چیزوں کے نام اسی زمرے میں آتے ہیں

(i) **نرزات / مذکر**: مذکر کی مثالیں۔

پس	واجہ	ناکو	پیرک	ہیڑو	نریان
باپ	آقا	چچا یا ماموں	دادا یا نانا	اونٹ	گھوڑا

(ii) ماده زات / مونث

ماس	بانک	ترو	ٹہنک	ڈاچی	مادن
ماں	بیگم	پچی یا ممانی	دادی یا نانی	اونٹنی	گھوڑی

iii ہوریں زات / مشترک جنس

دُژمن	زاگ	سیاد	ناکو زاگ
دشمن	بچہ	رشتہ دار	چچازاد یا ماموں زاد

دشمن ۔ بچہ ۔ رشتہ دار ۔ چچا زاد ۔ ماموں زاد مذکر بھی اور مونث بھی ہو سکتے ہیں ۔ اس قسم کے اسما مشترک جنس کہلاتے ہیں ۔

(iv) بے زات / بے جنس

سِنگ	پُشک	زَحم	میچ	غالی
پتھر	قمیص	تلوار	میز	قالین

مندرجہ بالا تمام اسما ۔ بے جان ہیں ۔ لہٰذا ان کی کوئی نر یا مادہ جنس نہیں ہوتی ہے ۔ اس واسطے بے جنس اسما کہلاتے ہیں ۔

(i) نر زات / مذکر : بلوچی زبان میں بہت سے اسما جو جاندار ہوتے ہیں ۔ ان کے مذکر اور مونث کے لئے جدا جدا الفاظ

ہوتے ہیں۔ ان اسما کے دیگر جاندار اسموں کی جنس کو ظاہر کرنے کے لئے اُن کے شروع میں (نر) اور (مادگیں) یا (مردین) اور (جنین) کے الفاظ اسم کے ساتھ بطور سابقہ کے لگا کر ان کی جنس کو ظاہر کیا جاتا ہے۔

نیچے دیئے ہوئے چارٹ میں بلوچی زبان کے اُن جاندار اسما کے مذکر اور مونث کی نشان دہی کی گئی ہے جن کے لیے جدا الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

انسانی رشتوں کے مذکر و مونث جنس کے جدا نام

نریں = (مذکر)	مادگیں = (مونث)	نریں = (مذکر)	مادگیں = (مونث)
پس۔ پت = (باپ)	ماس۔ مات۔ (ماں)	مردینہ (مرد)	جنین (عورت)
براس۔ برات = (بھائی)	گہار (بہن)	نرینہ (مرد)	زائیفہ (عورت)
پُچ۔ بزاگ (بیٹا)	جنک۔ مینڈ بیٹی	مرد (خاوند)	جن (بیوی) یا زال
ناکو۔ ناخو۔ (چچا۔ ماموں)	تُرو۔ تری (پھوپھی۔ خالہ)	گُلام ۔ (غلام)	مولِد ۔ (لونڈی)
واجہ۔ واژہ مالک (آقا)	بانک۔ گودی (مالکن) (بیگم)	بچّ (لڑکا)	جنک (لڑکی)

وشرک (خسر)	وشو۔ وسی (ساس)	سالونک (دولھا)	بازر (دلھن)
براز اک (بھتیجا۔ بھتیجی)	گبار زاک (بھانجا بھانجی)	زاما نس۔ نانان (داماد)	لشار (بہو)
پسو۔ (سوتیلا باپ)	ماتو (سوتیلی ماں) یا مارتن	چورو (لڑکا)	جنب (لڑکی)
چد براس (سوتیلا بھائی)	چدگہار (سوتیلی بہن)	وشرک ناگ (سالہ)	ڈیپچ (سالی)
دمبراس (ساتھی)	دسگہار (سہیلی)	خاسپر سالہ	ڈسپچ (سالی)

جانوروں اور پرندوں کے مذکر و مونث جنس کے جدا نام

نربی = (مذکر)	مادگیں (مونث)	نریں = (مذکر)	مادگیں (مونث)
گوک (بیل)	ڈگی (گائے)	نریاں = (گھوڑا)	ماوں گھوڑی
لاغ (گدھا)	حر (گدھی)	گرانڈ = مینڈھا	میش (دمبی)
یڈو (اونٹ)	ڈاچی (اونٹنی)	کچک = کتا	منڈ کتیا
بنگ (کتا)	بلنڈ کتیا	پاچن = بکرا	بز (بکری)

کردس = (مرغا)	نکمنبک (مرغی)		

دومی ورڑ جانوروں اور پرندوں کے اسما۔ جن کے مذکر و مونث

دوسرا قاعدہ جنسوں کو ظاہر کرنا مقصود ہو۔ تو اُن کے آگے نریں اور مادگیں

کے الفاظ بطور سابقہ لگایا جاتا ہے۔

مثال

نریں = (مذکر)	مادگیں (مونث)	نریں - (مذکر)	مادگیں (مونث)
نریں مزار (شیر)	مادگیں مزار (شیرنی)	نریں مم - ریچھ)	مادگیں مم (ریچھنی)
نریں گرگ (بھیڑیا	مادگیں گرگ (مادہ بھیڑیا)	نریں میبی (بھینسا)	مادگیں میبی - (بھینس)
نریں تولہ (گیدڑ)	مادگیں تولہ (مادہ گیدڑ)	نریں کپوت - (کبوتر)	مادگیں کپوت (کبوتری)
نریں تاؤس (مور)	مادگیں تاؤس (مورنی)	نریں توتی (نر طوطا)	مادگیں توتی مادی طوطا

سیمی ورڑ انسانوں کے وہ اسما۔ جن کے مذکر و مونث جنس کو ظاہر کرنے

تیسرا قاعدہ کے لئے جدا لفظ موجود نہیں۔ ان کے مذکر و مونث جنسوں

کو ظاہر کرنے کے لئے۔ نام کے سامنے مردین اور جنیں کے الفاظ بطور سابقہ

لگائے جاتے ہیں۔ بعض دفعہ نرینہ اور ذالیفہ کے الفاظ بھی استعمال

ہوتے ہیں۔

مثال

زیں = (مذکر)	مارگیں - (مونث)	زیں - (مذکر)	مارگیں - (مونث)
مردیں شاہر (شاعر)	جنین شاہر (شاعرہ)	مردیں اُستاد (اُستاد)	جنین اُستاد (استانی)
مردیں ڈاکسر (ڈاکٹر)	جنین ڈاکسر (لیڈی ڈاکٹر)	مردیں زاگ (لڑکا)	جنین زاگ (لڑکی)
مردیں چک (لڑکا)	جنین چک (لڑکی)	زینہ ڈاکسر (ڈاکٹر)	زالیفہ ڈاکسر (لیڈی ڈاکٹر)
زینہ شاگرد (طالب)	زالیفہ شاگرد (طالبہ)		

(iii) مشترک جنس: ہوریں زات مشترک جنس کے اسماوہ ہیں - جن سے پتہ نہیں چلتا ہے کہ اسم مذکر ہے - یا مونث - اسم مذکر بھی ہو سکتا ہے - اور مونث بھی - لہٰذا اس قسم کے ناموں کو مشترک جنس کہتے ہیں -

مثال

ہوریں زات مشترک جنس	اردو لفظ کے معنی	کیفیت
سیاد - سیال	رشتہ دار	رشتہ دار مذکر بھی ہو سکتا ہے - اور مونث بھی
سنگت	دوست	دوست " "

ناکوزاک	پچازاد یا ماں موزاد	پچا زاد	مذکر بھی ہو سکتا ہے اور مونث بھی	
زاگ یا چوچگ	بچہ	بچہ	〃	〃
نو ڈاکسر	شیر خوار بچہ ڈاکٹر	شیر خوار بچہ ڈاکٹر	〃	〃
مرگ یا مرغ	پرندہ	پرندہ	〃	〃
اولاک شاہر	باربرداری کا جانور شاعر	لادو جانور شاعر	〃 〃	〃 〃
نوکر	خدمت گار	نوکر	〃	〃
شاگرد	شاگرد	شاگرد	〃	〃
استاد	استاد	استاد	〃	〃

(۱۷) **بے زات** بے جان چیزوں کی کوئی جنس نہیں ہوتی ہے۔ لہٰذا **بے جنس** وہ سب بے جنس کے زمرے میں آتے ہیں:

مثال:

بے زات	بے جنس	بے زات (بے جنسی)	بے زات	بے جنس
بامب = (چھت)	شُہر = (سونا)	در = (دروازہ)	زَر = (چاندی)	شکار = (تلوار)

دگو = (دروازہ)	لُڑ = (تلوار)	پورغ = (کوئلہ)	زونگ = (بندوق)	شیر = (دودھ)
سنگ = (پتھر)	گوشت = (گوشت)	پشک = (قمیص) یا جامگ = (قمیص)	روغن = گھی	کوہ = (پہاڑ)
برنج = (چاول)	دریاب = (دریا)	گلہ = (گندم)	زرہ (سمندر)	ساہ = (جو)
پونز = (ناک)	دپ = (منہ)	دیم = (چہرہ)	درّ = (موتی)	دستونک = (انگلی)
گلہ = گندیم (گیہوں)	پونزکر (اشتبنان)			

پنجمی بند
پانچواں حصہ

حالت — حال حالت سے یہ مراد ہوتی ہے۔ کہ اسم کا دوسرے الفاظ کے ساتھ فقرے میں کیا تعلق ہے۔ اور وہ کس حالت میں استعمال ہوا ہے۔ بلوچی زبان میں تین جدا حالتیں ہیں۔

کنوکی حال	بیوکی حال	وازداری حال
(i)	(ii)	(iii)
حالت فاعلی	حالت مفعولی	حالت اضافی

(i) **حالت فاعلی** — **کنوکی حال** اس حالت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسم کوئی کام کر رہا ہے۔

مثال :

(۱) آورٔ گواریت = (بارش برستی ہے)

(۲) مَن ایشا کرتۂ = (میں نے یہ کیا)

(۳) تؤ دم برتگئے = (آپ تھک گئے)

(۴) میرہم دستبندی کرتنت = (امرا نے بھی اطاعت کی)

(ii) **بیوکی حال** اس حالت سے یہ ظاہر ہوتا ہے۔ کہ اسم پر خود
حالت مفعولی: کوئی کام کیا گیا ہے۔ اور کام کا اثر اس پہ واقع ہوا ہے۔

مثال :

(۱) مردٔ مشکے کشت = (آدمی نے چوہا مارا)

(۲) ڈگارۂ آورٔ تر کرت = (بارش نے زمین گیلی کردی)

(۳) استاد حساب وانینیت = (استاد حساب پڑھاتا ہے)

(۴) آمئی براسۂ کشت = (اس نے میرے بھائی کو قتل کیا)

(iii) **وازداری حال** یہ حالت ایک اسم کی دوسرے اسم کے
حالت اضافی ساتھ تعلق یا رشتے کو ظاہر کرتی ہے۔

مثال (۱) بچکۂ پاد = (لڑکی کی پاؤں)

(۲) اسپۂ گردن = (گھوڑے کی گردن)

(۳) کوہۂ سنٹ = (پہاڑ کی چوٹی)

نوٹ = (i) بلوچی زبان میں - اسم کے واحد ہونے کی صورت میں اضافت کا نشان (ۂ) ہے - جیسے کہ اوپر کی مثالوں میں بیان کیا گیا ہے۔

(ii) اور اسم کی جمع کی صورت میں اضافت کا نشان (آنی) ہے۔

(۱) جنکانی پاد = (لڑکیوں کی پاؤں)

(۲) آسپانی گردن = (گھوڑوں کی گردنیں)

(۳) کوہانی ٹُنٹ = (پہاڑوں کی چوٹیاں)

پنچمی در   پانچواں سبق

نام بدل یا اوزی نام وہ الفاظ جو اسم کے بجائے استعمال ہو

اسم ضمیر: ہیں۔ اسم ضمیر کہلاتے ہیں۔

مثال = (۱) شکلان بازارءَ شت۔ آہی چیزان میچ ءِ سرا ایرک

(۱) شکلان بازار گیا۔ اُس کی چیزوں کو میز پہ رکھ دو

(۱۱) مزار آت۔ آہی براسءَ توار کن

(۱۱) مزار آیا۔ اُس کے بھائی کو بلاؤ

(۱۱۱) مَن اُتں۔ (۱۱۱) میں آ گیا

جیسے کہ اوپر کی مثالوں سے واضح ہو گیا۔ کہ (آہی) اور (من) کے الفاظ دو ناموں کی جگہ استعمال ہوئے ہیں۔ لہٰذا یہی الفاظ جو اسما کی جگہ استعمال ہوئے ہیں۔ ان کو اسم ضمیر (نام بدل) کہتے ہیں۔

نام بدل ءِ وڑ

اسم ضمیر کی اقسام: اسم ضمیر کی پانچ قسمیں ہیں۔

(i) جندی نام بدل
ضمائر شخصی

(ii) زور پریں نام بدل
ضمائر تاکیدی

(iii) جُستی نام بدل
ضمائر استفہامی

(iv) پیش داریں نام بدل
ضمائر اشارہ

(v) چکاری نام بدل
ضمائر موصولہ

(i) جندی نام بدل ضمائر شخصی: یہ وہی الفاظ ہیں۔ جو اشخاص کے متعلق ہوتے ہیں۔ ان کے استعمال سے۔ متکلم (گشوک) یعنی بات کرنے والا۔ حاضر (ساڑی) یعنی سننے والا۔ غائب (ناساڑی) غیر موجود۔ شخص کا پتہ چل جاتا ہے۔

یک۔ (واحد)	باز (جمع)	جند۔ شخص
من۔ (میں) (حالت فاعلی)	ما۔ ہم	گشوک۔ متکلم
منا۔ (مجھے) (حالت مفعولی)	مارا یا امارا (ہمکو)	" - "
منی۔ (میرا) (حالت اضافی)	مہی یا امبی ہمارا	" - "

تو یا تہ - (تم) حالت فاعلی	شما یا شوا (آپ)	ساڑی - ضمیر حاضر
ترا - تجھے حالت مفعول	شمارا یا شوازا (تمہیں یا آپکو)	″
تہی - تیرا حالت اضافی	شمئی یا شوہی (تمہارا)	″
آ - (وہ)	آ - (وہ)	ناساڑی ضمیر غائب
آیا - ایشا - (اُسکو - اِسکو)	آیان - ایشان (اُنکو - اِنکو)	″ - ″
آہی - ایشی - (اس کا - اِسکا)	آیانی - ایشانی (اُن کا - اِنکا)	″ - ″

کشوک بات کرنے والے کو متکلم کہتے ہیں - جیسے کہ من (میں)
(i) **ضمیر متکلم** ما یا اَمّا (ہم) -

ساڑی وہ شخص جس سے بات کی جائے اُسے حاضر کہتے ہیں
(ii) **ضمیر متکلم** : جیسے کہ - تو یا تہ (تو) شما یا شوا (آپ یا تم)

ناساڑی وہ شخص جو موجود نہ ہو - اور اُس کے بارے میں
(iii) **غائب** : بات کی جائے - اُسے غائب کہتے ہیں -

جیسے کہ آ (وہ) + آ (وہ)

زور پریں نام بدل یہ وہ ضمائر ہیں - جو تاکید کرنے کے لئے
(iv) **ضمائر تاکیدی** : استعمال کئے جاتے ہیں - ضمیر شخصی (جبندی

نام بدل) کے بعد (وت یا جند) کا لفظ استعمال کرنے سے ضمیر تاکیدی بن جاتا ہے۔

حال۔ حالت)	باز۔ (جمع)	یک۔ (واحد)	جند۔ (ضمیر)
حالت فاعلی حالت مفعولی حالت اضافی	ہنی جند یا ماوت (ہم خود)	منی جند یا من وت (میں خود)	گشوک (متکلم)
//	شمئے جند۔ شماوت (آپ یا تم خود)	تہی جند۔ تو وت (تو خود)	سازی (حاضر)
//	آہانی جند۔ آوت (وہ خود)	آہی جند۔ آوت (وہ خود)	ناسازی (غائب)

مثال۔

(۱) آوت منا گشت۔ یا آہی جند منا گشت۔ (اُس نے خود مجھے کہا)

(۲) آوت اُدا شتنت یا آہانی جند اُدا شتنت۔ (وہ خود وہاں گئے)

(۳) تووت کلم ءَ زرتے یا تہی جند کلم ءَ زرت۔ (تو نے خود قلم اٹھایا)

(۴) شماوت اِدا آتگت۔ یا شمئی جند اِدا آتگت۔ (آپ یا تم خود یہاں آئے ہو)

(۵) منّ وت دُز ءَ گپتّ۔ یا منی جند دز ءَ گپت۔ (میں نے خود چور کو پکڑا)

(۶) ماوت گس ءَ یلہ داتن یا ہنی جند گس ءَ یلہ دات (ہم نے خود گھر کو چھوڑ دیا)

جستی نام بدل یہ ضمائیر سوال کرنے کے لئے استعمال ہوئے

(iii) ضمائیر استفہامی ہیں۔

مثال

کسےٹی؟	کینگ	پرچہ پہچے	کہا بحو	کجام	تام	چے	کسے
کسکو	کیسا	کیوں	کہاں	کونسا	کونسا	کیا	کون

(۱) اِسے مرد کسے انت ؟ (یہ آدمی کون ہے ؟)

(۲) دوشی کسے آگمت ؟ (کل رات کون آیا تھا؟)

(۳) اسے چے انت ؟ (یہ کیا ہے ؟)

(۴) چے لوٹے ؟ (کیا مانگتے ہو ؟)

(۵) اُگ ہِ تبا کجام مردم انت ؟ ۔ (کونسا آدمی کمرے کے اندر ہے؟)

(۶) تام پشک ءَ لوٹے ؟ ۔ (کونسی قمیض مانگتے ہو ؟)

(۷) کجا روے ؟ (کہا جاتے ہو ؟)

(۸) اے کتاب کینگ انت ۔ (یہ کس کی کتاب ہے ؟)

(۹) کسے ءَ داتے ۔ (کسکو دیا ؟)

(۱۰) کسے راگئتے ۔ (تو نے کسے مارا ؟)

(iv) ضمائیر اشارہ پیش داریں نام بدل یہ ضمائیر اشارہ کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

یک (واحد)	باز (جمع)
اِے (یہ) ایشا - ایشیٔ - (اسکو) ایش (یہ)	اے = (یہ) ایشان (انکو)
آ = (وہ) آیا - آئیا - آئرا (اس کو) آیارا -	آ = (وہ) آیان - آہان - آوان (انکو)

(۱) اِے بچک ءَ گوانک جن - (اس لڑکے کو بلاؤ -)

(۲) ایشا دہ روپئی بدے (اس کو دس روپے دے دو -)

(۳) ایش کئے اِنت - (یہ کون ہے -)

(۴) ایشان بِجّیں - (ان کو (مویشیوں) ہانکو -)

(۵) آمنی براس اِنت - (وہ میرا بھائی ہے)

(۶) آئرا بیار - (اس کو لاؤ)

(۷) آیاں دیم دئے - (اُن کو روانہ کردو)

(۸) آوان بگوانکیں - (ان کو بلاؤ)

(۹) آ آتکت (وہ آئے)

(۱۰) ایشان ببر (ان کو لے جاؤ)

چکاری نام بدل یہ وہ ضمیر ہے۔ جو پہلے کہے ہوئے اسم یا ضمیر
(7) ضمیر موصولہ کے ساتھ تعلق ظاہر کرے۔

ہرچی کہ	ہماں کہ	آکہ	ہما	ہماکہ
جو کچھ	جس کا	جو کہ	جو	جس کو

(۱) ہماکہ ہوش داریت۔ بچار نہ کنت۔ (جس کو عقل ہو۔ وہ غیبت نہیں کرتا۔)

(۲) ہرچی کہ بدیئے۔ خدائی داد انت۔ (جو کچھ دو۔ وہ خدا کا عطیہ ہے)

(۳) ما ہما مردمان دوست دارن۔ ہماکہ گو ما شر انت۔
(ہم اُن آدمیوں کو عزیز رکھتے ہیں۔ جو ہمارے ساتھ اچھے تعلقات رکھتے ہیں)

(۴) ہما قلم کہ سرے پُرشتگت۔ جوڑ کنگ لوٹیت۔
(وہ قلم جس کا نب ٹوٹ گیا تھا۔ مرمت مانگتا ہے)

(۵) اے ہما مردم انت۔ ہماکہ زی دیستنے
(یہ وہی آدمی ہے۔ جسے کل دیکھا تھا۔)

(۶) پچے اے کارچ انت۔ ہماکہ من وتی دیم ءَ گند گاں
(کیا یہ خنجر ہے۔ جسے میں اپنے سامنے دیکھ رہا ہوں)

(۷) ما ہما لوگ ءَ یلہ داتں۔ ہمائی تہا کہ اُمری منتن۔
(ہم نے وہی مکان جس میں مدتوں سے رہتے تھے۔ چھوڑ دیا)

(۸) اے ہچانی پیشی عَر گار کرت ۔ ہماکرس آرتگنش ۔
(اس نے وہ پیٹی کپڑوں کی گم کر دی ۔ جو میں لایا تھا)

(۹) ہما ناگ کہ اس ربلس ءِ مُرتگنت ۔ چوری انت ۔
(وہ بچہ جس کے ماں باپ مر چکے ہوں ۔ یتیم ہے)

(۱۰) اے رگس ۔ ہماکہ من تہا ئے مانین ۔ جوانیں ءِ انت ۔
(یہ مکان ہیں جس میں رہتا ہوں ۔ اچھا ہے)

ششمی در — چھٹا سبق

اولی بند — پہلا حصہ

سفتی نام — اسم صفت وہ اسم ہے ۔ جو کسی چیز یا شخص یا جگہ کی
اسم صفت — کوئی خوبی یا بُرائی یا شکل و صورت یا حجم یا رنگت کے
بارے میں کچھ ظاہر کرے ۔

اسم صفت کی پانچ قسمیں ہیں ۔

(۱) حالی سفت — صفت کیفیت
(۲) کساسی سفت — صِفت مقداری
(۳) حسابی سِفت — صفت عددی
(۴) پیش داریں سفت — صفت اشارہ
(۵) چکاری سِفت — صفت نسبتی

(۷)

(i) حالی سفت / صفت کیفیت — یہ صفت کسی اسم کی بھلائی یا برائی یا اُس کے رنگ یا کیفیت کو ظاہر کرتی ہے۔

مثال =

(۱) یلیں مرد = (بہادر آدمی)
(۲) گندگیں بچک = (شریر لڑکا)
(۳) بوریں اسپ = (بھورا گھوڑا)
(۴) زردیں رنگ = (پیلا رنگ)
(۵) وشیں آمب = (میٹھا آم)
(۶) دراجیں ساد = (لمبی رسی)

(ii) کساسی سفت / صفت مقداری — یہ صفت اسم کی مقدار کو ظاہر کرتی ہے۔

مثال =

بس	ہر	ہریک	چیزے	چیچے	گیشتر	باز
کافی	ہر	ہر ایک	کچھ	کچھ	بہت زیادہ	بہت
پچ نہ	کم ۔ کگ ۔ تُوشک		نیم	درستیں ۔ کلیں ۔ تیوگیں ۔ مچیں		
کچھ نہیں	تھوڑا سا		آدھا	سب ۔ تمام		

(۱) مئی لاپ باڑ درد کرنت = (میرے پیٹ میں بہت درد ہے)

(۲) منا چیزیلے دزمان بدئے = (مجھے کچھ دوائی دے دیں۔)

(۳) اِسے نان منا بس اِنت = (یہ روٹی مجھے کافی ہے۔)

(۴) مَن ہیچ نہ لوٹاں = (میں کچھ نہیں مانگتا ہوں۔)

(۵) آ دقی ورستیں ہستی ءَ گار کُرت = (اُس نے اپنی ساری دولت گنوا دی۔)

(۶) ہر زاگ کتابے لوٹیت = (ہر لڑکا ایک کتاب طلب کریگا۔)

(۷) من روچ ءِ نیم ءَ وتی اِسکول ءَ گوار بشتگ = (میں نے آدھا دِن اپنے اِسکول میں گزارا۔)

(۸) منا سوبیں بیگ ءِ کم اومیت اِنت۔ = (مجھے کامیابی کی کم اُمید ہے۔)

(۹) ہر یکے زہر اَت = (ہر ایک ناراض تھا)

(۱۰) براہم پر تو چیہے زر لوٹیت = (براہم تیرے لئے کچھ رقم مانگتا ہے۔)

حسابی صفت

(الف) ـــــــــ یہ صفت اسم کی تعداد کو ظاہر کرتی ہے یا

صفت عددی عددوں کی درجہ بندی کو بیان کرتی ہے۔

صفت عددی کی چار قسمیں ہوتی ہیں۔

بُوُڑدو حساب — رِد حساب

(۱) ——— عدد — ۲ ——— عدد کی ترتیب صفت لوی

پکھ بازی — کپی چُنڈی

۳ ——— عدد تضعیفی — ۴ ——— عدد کسری

بوُڑدو حساب

(۱) ——— عدد اسم کی پوری تعداد کو ظاہر کرتا ہے

عدد

مثال

اول	دہ روپئی	یانزدہ لوگ	پنچ مرد	دو اسپ	دوم
پہلا	دس روپے	گیارہ گھر	پانچ آدمی	دو گھوڑے	دوسرا

(۱) مُنی دہ اسپ، اُنت - (میرے دس گھوڑے ہیں)

(۲) پنچ مرد پیداک، اُنت - (پانچ آدمی آ رہے ہیں)

(۳) یانزدہ لوگ سوتنت - (گیارہ گھر جل گئے)

(۴) کنا دہ روپئی بدے - (مجھے دس روپے دے دو)

(۵) من جماعت ٹی اول درکپٹن (میں جماعت میں اول رہا)

(۶) بالاچ گوٹے ٹی تہا دوی درکپت - (بالاچ دوڑ میں دوسرے نمبر پر آیا)

رد حساب

۲- **صفت عددی** ' صفت عددیا ' عدد کی ترتیب کو بتلاتا ہے۔ اس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ عدد کے بعد لفظ (می) بڑھا دیا جائے تو صفت عددی بن جاتا ہے۔

پانزدہمی لوگ	پانچمی مرد	دوہمی آسپ
گیارہواں گھر	پانچواں آدمی	دوسرا گھوڑا

(۱) دوہمی اسپ گرءِ گٹّت = (دوسرے گھوڑے نے دوڑ جیت لی)
(۲) پنچمی مرد مَنا جتّت = (پانچویں آدمی نے مجھے مارا)
(۳) پانزدہمی لوگ ءَ دُزّ مٹّگ کُرّت۔
(گیارہویں گھر میں چور نے نقب زنی کی)
(۴) ایسے کرسٹوئے شششی بَرے تہا نبشتہ انت۔
(یہ قصہ چھٹے باب میں لکھا ہوا ہے)
(۵) من جماعتءِ تہا اولی درا آتکگ ئیں (میں جماعت میں اول آیا ہوں)
(۶) بالاچ گو ءِ تہا دوہمی در آتکگ
(بالاچ دوڑ میں دوسرے نمبر پر آیا)

پنج بازی

۳- **عدد تضعیفی** - یہ عدد ظاہر کرتا ہے کہ عدد کو کتنے بار بڑھایا

گیا ہے۔ اِس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ عدد کے بعد (بر، ونڈ، همینکس۔ همیندر۔ بر۔) کے لفظ بڑھانے سے عدد تضعیفی بن جاتا ہے۔

چار همیندر	هفت همینکس	سے ونڈ	دہ سر	دہ بر
چار گُنا	سات گنا	تین گنا	دس گنا	دس دفعہ

مثال =

(۱) چگ ءِ آپ دہ سرءَ ترّت (چشمے کا پانی دس گنا بڑھ گیا ہے)

(۲) آپح گہارءَ۔ براس ءِ بہر۔ سے ونڈ زیات اِنت

(بہن سے بھائی کا حصّہ تین گنا زیادہ ہے)

(۳) گوک اشی گرسک ءَ ہفت همینکس مزن ترانت۔

(بیل بچھڑے سے سات گنا بڑا ہے)

(۴) تو دہ بر بیا۔ منا نہ گندے۔

(تو دس دفعہ آ۔ مجھے نہیں پائے گا۔)

(۵) منا ہشت همیندر آرت بدئے۔

(مجھے آٹھ گنا آٹا دے دو۔)

کپی چُنڈی

۴۔ عدد کسری: وہ صفت عدد کے کسر یا جزو کو ظاہر کرتی ہے۔

ہفت وشش	شش ویک	پنچ دو	چار یک	سے یک
چھ بٹہ سات $\frac{6}{7}$	ایک بٹہ چھ $\frac{1}{6}$ یا چھٹا حصہ	دو بٹہ پانچ $\frac{2}{5}$	ایک بٹہ چار $\frac{1}{4}$ یا چوتھائی	ایک بٹہ تین $\frac{1}{3}$ یا تہائی

مثال =

(۱) اے ڈگار ءِ سے یک مَنیگ اِنت ۔ (اس زمین کا ایک بٹہ تین یا ایک تہائی میرا ہے)

(۲) مَن پیداوار ءِ چار یک ءَ ترا دئیں ۔ (میں پیداوار کی چوتھائی تم کو دوں گا)

(۳) زاگانی پنچ ءِ دو بہر ناساڑی اَنت ۔ (بچوں کا دو بٹہ پانچ حصہ غیر حاضر ہے۔)

(۴) اِے زرانی شش یک مَنیگ اِنت (اس رقم کا چھٹا حصہ میرا ہے)

پیش داریں صفت

(۱۷) صفتِ اشارہ — یہ صفت نام کی طرف اشارہ کرتی ہے

یک	(واحد)	باز	(جمع)
اِے	آ	اِے	آ
یہ	وہ	یہ	وہ

مثال:-

(۱) اے پشّی اِنت ۔ (یہ بلی ہے۔)

(۲) اے اُشتر اِنت ۔ (یہ اونٹ ہیں۔)

(۳) بگند آ بچک ءَ ۔ (اس لڑکے کو دیکھو۔)

(۴) آ مردمان بیار ۔ (اُن آدمیوں کو لاؤ۔)

(۵) من اے کتابان پسند کنین ۔ (میں ان کتابوں کو پسند کرتا ہوں)

(۶) استاد آ زاگان ناپسند کنت ۔ (اُستاد اُن بچوں کو پسند نہیں کرتا۔)

چکاری سفت

(۷) **صفت نسبتی** یہ صفت نام کے ساتھ ۔ مقامی ۔ خاندانی یا مذہبی تعلق کو ظاہر کرتی ہے ۔ اس کے بنانے کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ نام کے بعد (ی) کے حرف کو بڑھاتے سے صفت نسبتی بن جاتی ہے ۔

بجا سورابی	بجار سوراب کا رہنے والا	نام کا مقام کے ساتھ تعلق
مُراد کلندرانی	مراد جو کلندرانی قبیلے سے تعلق رکھتا ہے ۔	نام کا خاندان کے ساتھ تعلق
ہیبت ذگری	ہیبت جو ذگری فرقہ سے تعلق رکھتا ہے	نام کا مذہب کے ساتھ تعلق

دومی بند   دوسرا حصہ

سفت ءِ درجہ بندی

درجات صِفات   صفت کی ان اقسام۔ صفت عددی۔ صفت مقداری۔ صفت اشارہ۔ صفت نسبتی۔ صفت کیفیت میں سے صرف صفت کیفیت کی درجہ بندی ہوتی ہے۔ صفت کیفیت کے درجہ بندی کے اعتبار سے تین درجے ہوتے ہیں۔

۱- اولی درجہ / تفضیل نفسی   ۲ دومی درجہ / تفضیل بعض   ۳ سیمی درجہ / تفضیل کل

اولی درجہ

۱- **تفضیل نفسی**   یہ وہ درجہ ہے۔ جو نام کی صفت کو بیان کرتا ہے مگر اُس کے فرق کو ظاہر نہیں کرتا۔

مثال:

(۱) براہم دلاور اِنت   (براہم بہادر ہے)

(۲) بانُز شر رنگین جنکے اِنت   (بانُو خوبصورت لڑکی ہے۔)

(۳) اے برزیں دَرچکے اِنت   (یہ اونچا درخت ہے)

(۴) من پِچکیں بچکے اُن   (میں ٹھنگنا لڑکا ہوں)

دومی درجہ

۲- **تفضیل بعض** یہ درجہ دو اسموں کی صفتوں کا فرق ظاہر کرتا ہے اور یہ درجہ اس طرح بنتا ہے۔ کہ پہلے درجے کی صفت کے آخیر میں لفظ (تر) یا اُس کے سامنے لفظ (باز) بڑھایا جاتا ہے۔

(۱) براہم اشں بیبگرءَ (دلاور تر) انت۔ (براہم بیبگر سے زیادہ بہادر ہے۔)

یا

(۱) براہم اشں بیبگرءَ (باز دلاور) انت۔ (")

(۲) بانوک شہناز ءَ (شررنگ تر) انت (بانو شہناز سے زیادہ خوبصورت ہے۔)

یا

(۲) بانوک شہناز ءَ (باز شررنگ) انت (")

(۳) اے درچک اُچ آ درچک ءَ (برزتر) انت۔

(یہ درخت اُس درخت سے زیادہ اونچا ہے۔) یا

(۳) اے درچک اُچ آ درچک ءَ (باز برز) انت

(یہ درخت اُس درخت سے زیادہ اونچا ہے)

(۴) مَن چہ آ بچک ءَ (ٹینگ تر) اُن

یا

(میں اُس لڑکے سے زیادہ ٹھنگنا ہوں)

(۴) مَن چہ آ بچک ءَ (باز ٹینگ) اُن

(میں اُس لڑکے سے زیادہ ٹھنگنا ہوں)

سیمی درجہ

۳- **تفضیل کل** یہ درجہ صفت ہے۔ جو بہت سی چیزوں پر

بحیثیت مجموعی۔ کامل فوقیت یا برتری کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ دوسرے درجہ کی صفت کے آخیر میں لفظ (تریں) یا پہلے درجے کی صفت کے آگے لفظ (کلان) بڑھایا جاتا ہے۔

(۱) براہم دلاور تریں مرد اِنت (براہم سب سے زیادہ بہادر ہے)

یا

(۱) براہم اسٹ کلان دلاور اِنت (براہم سب سے زیادہ بہادر ہے)

(۲) بانو شرنگ تریں جنک اِنت (بانو سب سے زیادہ خوبصورت لڑکی ہے)

یا

(۲) بانو شہ کلان شرنگ اِنت (بانو سب سے زیادہ خوبصورت لڑکی ہے)

(۳) اے برز تریں دَرَچک اِنت (یہ سب سے زیادہ اونچا درخت ہے)

یا

(۳) اے اُہچ کلان برزیں دَرَچک اِنت (یہ سب سے زیادہ اونچا درخت ہے)

(۴) مَن پُہنگ تریں بچک اُن (میں سب سے زیادہ ٹھنگنا لڑکا ہوں)

یا

(۴) مَن چہ کلان ٹہکین بچک اُن (میں سب سے زیادہ ٹھنگنا لڑکا ہوں)

چیزے الی ایں حالی سفتانی درجہ بندی

چند اہم صفت کیفیت کے درجات صفت

اولی درجہ تفضیل نفسی	دومی درجہ تفضیل بعض	سیمی درجہ تفضیل کل
جوان - شر - زبَر (اَچھا)	جوان تر - شر تر - زبر تر (بہت اَچھا)	جوان تریں - شر تریں - زبر تریں (سب سے اَچھا)
بَد - گندگ (بُرا) (خراب)	بَد تر - گندگ تر (بہت بُرا) - (بہت خراب)	بَد تریں - گندگ تریں (سب سے بڑا) - (سب سے خراب)
مزَن - لُوْ (بڑا)	مزَن تر - لُوْ تر (بہت بڑا)	مزَن تریں - لُو تریں (سب سے بڑا)
کم (تھوڑا)	کم تر (بہت تھوڑا)	کم تریں (سب سے تھوڑا)
کسان - گُونڈ (چھوٹا)	کسان تر - گُونڈ تر (بہت چھوٹا)	کسان تریں - گونڈ تریں (سب سے چھوٹا)
سیاہ + جُہل (کالا) + (گہرا)	سیاہ تر + جہل تر (بہت کالا) + بہت گہرا	سیاہ تریں جُہل تریں (سب سے کالا) + (سب سے گہرا)

درشت + بلند + دراز (سخت) + (اونچا) + (لمبا)	درشت تر + بلند تر + دراز تر (بہت سخت) + (بہت اونچا) + (بہت لمبا)	درشت ترین + بلند ترین (سب سے سخت) + (سب سے اونچا) دراز ترین (سب سے لمبا)
